Music = O. P. Nayya

شیخ مختار کا تیار کردہ

98

مسٹر ۴۲۰

मिस्टर

[illegible]

yes

101

ستارے

ثریا۔ وجے لکشمی۔ انصاری۔ بھگوان

شیخ مختار

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری جیوتی اگرچہ غریب گھرانے میں پیدا ہوئی لیکن تھی بڑی ہونہار اور سمجھدار۔ گھر کے کام کاج میں ماں کا ہاتھ بٹاتی اور فرصت کے اوقات میں اپنے تعلیمی ذوق کو پورا کرتی جس اسکول میں وہ پڑھتی تھی۔ ستیہ پریم بھی زیر تعلیم تھا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

گانے

مسٹر بلبو

گانا بملہ

ثریا

لڑکی :- تم ذرا سی بات پر خفا نہ ہو

تو میرا دلربا، میں تیری دلربا۔ معاف کر میری خطا جو بھی ہو

لڑکا :- دل دیا ہے تو جو بھی ہو سو ہو

لاکھ ہوں ستم، ہم تو اے صنم۔ ہاں کہیں گے سر جھکا کے جو کہو

لڑکی :- درد بن کر میرے دل میں آئے ہو

بادلوں میں بجلیاں بھی لائے ہو

لڑکا :- بجلیاں نہیں دل کی آگ ہے

تیرے حسن کا یہ سہاگ ہے۔ جو ہے تیرا آج تو بھی اسکی ہو

لڑکی :- تم ذرا سی بات پر......

لڑکا :- پیار کی گھٹاؤں میں چاند تو

ے اُڑی کہاں سے تیری آرزو

لڑکی :- یہ تماؤ گیا دل جلاؤ گے

یا میری لگی تم بجھاؤ گے۔ میٹھے میٹھے بول بول ایک دو

لڑکا :- دل دیا ہے اب تو جو بھی ہو سو ہو

مسٹر ملنگ

لڑکی: سُن کے تیری یہ نشیلی راگنی
چھڑ گئی ہے میرے دِل میں چاندنی

لڑکا: ایک بات ہے آج پوچھ لوں
جانے پھر کبھی میں نہ کہہ سکوں - ایک جان ہو کے ہم کیوں ہیں دو

لڑکی: تم ذرا سی بات پر خفا نہ ہو

گانا نمبر ۲

کیسے کیسے تیر چلائے جیا ترسائے — نجریا چلی رام تیری
گھائل کر کر جائے کہ نکلے ہائے — نجریا چلی رام

کیسے کیسے ....

کوئی نہ اس کے لئے دِل کو بیقرار کرے
کہ ایک وار میں یہ دِل جگر شکار کرے
بھولی نجریا دیکھنے میں پیاری - آنکھ بچا کے مارے کٹاری
آنا ہو جس کو آجائے چوٹ جگر پہ کھائے

کیسے کیسے ....

تمہارے در پہ کھڑے ہیں جناب کچھ بھی مِلے
سوال کر تو دِیا ہے جواب کچھ بھی مِلے
تیری خوشی پر دِل بھی ہے راضی - اب تو لگادی جان کی بازی
کر دے دِل کا خون ستمگر کون تجھے سمجھائے

کیسے کیسے ....

گانا نمبر ۳

کتنے ستم کتنے ہی غم - بجھ گئے ہائے تمہارے لئے ہم

تم نے بنایا دِل کو نشانہ۔ ہم نے زباں سے کچھ بھی کہا نا
تم سے جو پیار ہے۔ دِل کو قرار ہے۔ اپنی قسم
کتنے ستم کتنے ہی غم.....

کب سے ہے دِلکو چاہ تمہاری۔ تم نے نہ پوچھی بات ہماری
اِتنا غرور کیا۔ دِل کا قصور کیا — بولو صنم
کتنے ستم۔ کتنے ہی غم......

اب تو ملا لو ہم نے نگاہیں۔ تم ہمیں چاہو ہم تمہیں چاہیں
کچھ دِل کی بات ہو۔ ہاتھوں میں ہاتھ ہو بہکیں قدم
کتنے ستم۔ کتنے ہی غم.....

گانا نمبر ۴

کہاں جاتے ہو کر کے بہانہ پیا۔ ساری رینا پڑی ہے چلے جانا پیا
بیٹھو جی بیٹھو رات ہے اپنی۔ آج تو تم سے بات ہے اپنی
ایسی باتیں کرو ذرا لاگے جیا — ساری رینا......
یہ بھی بلا کیسی گھڑی ہے۔ تم سے تو اپنی آنکھ لڑی ہے
ذرا دیکھو تو دھک دھک دھڑکے جیا — ساری رینا۔
ہم نہیں کہتے رک جاؤ دیوانے ہیں جو سمجھے تو من بھولانے
پروانے سے کہتا ہے دِیا — ساری رینا.....
کہاں جاتے ہو کر کے بہانہ پیا

گانا نمبر ۵

لڑکی:۔ آ میرے دلدار۔ کر لے ہم سے آنکھیں چار
محبت ہو گئی۔ اب ہو گئی میرے ساجنا

لڑکا:۔ رہنا تم ہوشیار۔ مَیں ہوں دل کا تھانیدار
لگا دوں ہتھکڑی ارے ہتھکڑی تو ہے پیار کی
لڑکی:۔
آ میرے دلدار
لڑکا:۔ اُستاد ہوں آنکھ لڑانے میں۔ نہیں تجھ سا کوئی زمانے میں
بل پھینک ہیں سب شاگرد میرے۔ کچھ جیل میں ہیں کچھ تھانے میں
رکھنا قدم اجی بچکے تم ۔ اس پیار کے پاگل خانے میں
لڑکی:۔ بچنا ہے دشوار کیا دِل نے ایسا لاچار
محبت ہوگئی......
لڑکا:۔ رہنا تم ہوشیار......
لڑکی:۔ آ چلیں گھومنے آج ذرا۔ ہو تیرے ہاتھ میں ہاتھ میرا
باتیں بھی ہوں کچھ بہکی بہکی۔ ہو چال میں بھی اُلفت کا نشہ
بھر لیں دونوں دامن دِل کا
لڑکا:۔ بندہ ہے تیار۔ کھڑی ہے دِل کی موٹر کار
گھوم لیں دو گھڑی، اجی دو گھڑی ــــ میری پھلجھڑی
لڑکی:۔
آ میرے دلدار......
لڑکا:۔ ہے دِل میرا رنگین بڑا۔ دِلبر بھی ملا نمکین بڑا
مجنوں کی یاد بھلا دونگا ۔ اُلفت کا ہوں شوقین بڑا
لڑکی:۔ تیرے بنا مجنوں میاں۔ لیلیٰ کا ہے دِل غمگین بڑا
لڑکا:۔ تم کیسا سرکار، یہی ہیں ہنسنے کے دِن چار۔
ہنس لیں دو گھڑی، اجی دو گھڑی ــــ میری پھلجھڑی
لڑکی:۔ آ میرے دِلدار......

گانا نمبر ۶

یاد کروں تیری تبیاں
رو رو گنوا لیں میں نے انکھیاں ۔ پیا جی دن رتیاں
یاد کروں توری تبیاں
کب کا بدلہ لیا تو نے ظالم بادی میں رستہ تیرا دیکھ دیکھ بالما
دکھنے لاگے نین رے ۔۔۔ یاد کروں ......
کا ہے چندا کیوں جلائے رے ۔ ہونٹوں پہ نام تیرا بار بار آئے رے
تڑپت بیتے رین رے ۔۔۔ یاد کروں ......
مورے تن من اندھیرا سا چھا گیا ۔ سیاں کیں کھوئے گئی ہائے ترا کیا گیا
کیسے آئے چین رے ۔۔۔ یاد کروں ......
رو رو گنوا لیں میں نے انکھیاں ۔ پیا جی دن رتیاں
یاد کروں ......

گانا نمبر ۷

آج جو ہم تم مل گئے ۔ پیار میں دو دل کھل گئے
دیکھ زمانہ جل گیا ۔ لاکھ کلیجے جل گئے
نئی رات ہے نئی بات ۔ نئی رت سماں نرالا
یہاں چھا رہا وہاں چھا رہا ۔ میرے حسن کا اجالا
میری چاندنی، میری روشنی ۔ ارے چاند سے نہیں کم
آج جو ہم تم مل گئے
میری ہر ادا لگی دل لبھا ۔ میرے یہ جواں اشارے
چلیں جھوم کے ذرا گھوم کے ۔ مجھے ہر کوئی پکارے

کوئی دل ملے، نہیں بس چلے۔ تیرے ہو چکے اجی ہم
آج جو ہم تم مل گئے
نئے رنگ سے نئے ڈھنگ سے۔ میرے دل میں آسما جا
میرے دلربا، میرے پاس آجا۔ ذرا اور پاس آجا
ملے تم ہمیں ملے ہم تمہیں۔ نہیں اب ہمیں کوئی غم
آج جو ہم تم مل گئے

گانا نمبر ۸

سوئی ہے کہاں جاکر تقدیر محبت کی
اب موت ہی باقی ہے تدبیر محبت کی
منزل ہے وہی اپنی، لے جاؤ جہاں ہمکو
معلوم نہیں لیکن، منزل کا نشان ہمکو
کھینچے لئے پھرتی ہے زنجیر محبت کی
اب موت ہی باقی ہے......
اُن کو تو تیرے دُکھ کی پرواہ نہیں کوئی
مرنے کے سوا اے دل اب راہ نہیں کوئی
مٹتی ہے تو مٹنے دے تصویر محبت کی
اب موت ہی باقی ہے تصویر محبت کی
سوئی ہے کہاں جاکر...

ختم شد